© rasailojaraid.com



ترحیم ادارہ

# مسافرینِ آخرت

**محترم کپتان غلام محمد رحمہ اللہ:**

چکڑالہ ضلع میانوالی کی عظیم شخصیت اور مجلس احرارِ اسلام کی متاعِ عزیز محترم کپتان غلام محمد ۱۱ ذوالحجہ ۱۴۱۶ھ ۳۰ اپریل ۱۹۹۶ء کی صبح انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔
کپتان غلام محمد مرحوم گزشتہ پچاس برس سے مجلس احرار اسلام سے وابستہ تھے۔ ایسی وابستگی کی کہ اس پر کسی اور کی محبت غالب نہ آسکی۔ وہ حضرت امیر شریعت اور مولانا محمد گل شیر شہید کی محبتوں کے اسیر اور رفیق تھے۔ وہ ایک مزدور تھے اور کئی کئی میل روزانہ پیدل سفر کر کے مزدوری کرتے تھے۔ علاقہ بھر میں ان کا جو احترام تھا وہ کم ہی لوگوں کو نصیب ہوتا ہے۔ گزشتہ پچاس برسوں میں ہر دینی تحریک میں حصہ لیا اور صعوبتیں برداشت کیں۔ کپتان غلام محمد مرحوم فدائے احرار تھے۔ وہ ایک بھرپور شخصیت تھے۔ ان کی نماز جنازہ حضرت ابن امیر شریعت سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے (آمین) ان شاء اللہ قریبی اشاعت میں ان کے مفصل حالات شائع کئے جائیں گے۔

**جناب اورنگ زیب خان کی رحلت:**

چکڑالہ سے ہمارے کرم فرما ملک محمد یوسف صاحب کے والد ماجد اور مجلس احرار اسلام چکڑالہ کے ناظم ماسٹر محمد خالد صاحب کے سسر محترم اورنگزیب خان گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ مرحوم کا تعلق مجلس احرار اسلام سے تھا وہ ایک پختہ فکر اور دردمند مسلمان تھے۔

**جناب شیخ محمد اشرف مرحوم:**

مجلس احرار اسلام ملتان کے رکن جناب شیخ فضل الرحمن کے ماموں محترم شیخ حاجی محمد اشرف یکم مئی کو ملتان میں انتقال کر گئے۔

**شیخ محمد ضرار کی والدہ کی رحلت:**

چیچا وطنی سے ہمارے مہربان جناب شیخ محمد ضرار کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔ اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے دعا کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ سب مرحومین کی مغفرت کے لئے ایصال ثواب اور دعاء کا خاص اہتمام فرمائیں۔

(ادارہ)

© rasailojaraid.com